سوال

(624) والد کی موجودگی میں بھائی بن سکتا ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک عورت کی شادی اس کے بھائی نے کر دی، اور باپ نے بھی بعد میں اس پر اپنی رضامندی کا اظہار کیا، تو نکاح کی تصحیح کے لیے کیا کیا جائے؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اگر کسی بھائی نے اپنے والد کی وکالت کے بغیر اپنی بہن کی شادی کر دی ہو تو یہ نکاح صحیح نہیں ہے، خواہ بعد میں باپ نے اپنی رضامندی کا اظہار کر بھی دیا ہو۔ اب اس نکاح کی تصحیح اس طرح ہوگی کہ اس کا باپ خود اس کا عقد جدید کرے یا اپنی طرف سے وکیل بنائے خواہ اسی بھائی کو ہی وکیل بنا دے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

احکام و مسائل، خواتین کا انسائیکلوپیڈیا

صفحہ نمبر 440

محدث فتویٰ